علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد
کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ
(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

کورس: سیرت رسول ﷺ کی روشنی میں بین المذاہب ہم آہنگی (4954) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ) **خط برائے طلبہ** کریڈٹ: 3

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمة الله وبركاته:

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جا رہے ہیں۔

آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔

☆ یونی ورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے، اس سلسلے میں درج ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفا نہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لئے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لئے عربی فونٹ استعمال کیجئے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظر ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیث نبویہ اور املاء کی غلطیاں ناقابل قبول ہیں۔
9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو) میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بروقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے)۔

☆ کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام
ڈاکٹر حافظ محمد فاروق عبداللہ
کورس رابطہ کار

علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:
1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔ 2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: سیرت رسول ﷺ کی روشنی میں بین المذاہب ہم آہنگی (4954) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ) **کریڈٹ: 3**

امتحانی مشق نمبر 1
(یونٹ نمبر 1–5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ بعثت نبوی کے لئے سرزمین عرب کے انتخاب کی وجہ اور جاہلی معاشرے پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ رسول کریم ﷺ کی ذات کو انسانیت کے لئے بحیثیت "پیغمبر امن" بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ غیر مسلموں سے معاشرتی تعلقات کو سیرت نبوی ﷺ کی روشنی میں واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ تجارتی امور میں آپ ﷺ کے خصائل حمیدہ پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ ریاست مدینہ میں غیر مسلموں سے برتاؤ، غیر مسلم قیدیوں سے حسن سلوک سے متعلق تفصیلات بیان کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2
(یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ میثاق مدینہ جو دنیا کی تاریخ کا عہد ساز معاہدہ ہے، اس کے اہم نکات کو اجاگر کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ نبی کریم ﷺ کے اپنے جانی دشمنوں سے حسن سلوک کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ طائف کے وفد سے نبی کریم ﷺ کے مکالمے کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ برصغیر میں رواداری کے قیام کے لئے غیر مسلموں کی جانب سے کئے گئے اقدامات پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ محمد اسد کی حیات و خدمات کی مفصل وضاحت کریں۔ (20)